نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے بہاریہ کماد کے لئے کھادوں کی سفارشات جاری کر دیں۔

لاہور:22فروری2023(   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق بہاریہ کماد کا وقت کاشت وسط فروری تا آخر مارچ تک ہے۔کاشتکار کماد کی بہتر پیداوار کے لئے محکمہ زراعت کی منظور شدہ اقسام علاقائی تقسیم کے لحاظ سے محکمہ زراعت پنجاب کی منظور شدہ اقسام کا بیج کاشت کریں۔کماد کی بوائی 4فٹ کے فاصلے پر10 سے 12انچ گہری کھیلیوں میں کریں اور ہر کھیلی پر سموں کی دو لائنیں لگائیں ۔کاشت سے قبل کماد کے بیج کو سفارش کردہ پھپھوندی کش زہر کے محلول میں 5 سے 10منٹ تک بھگوئیں۔کماد کی کاشت کے لئے منظور شدہ اقسام کا100 تا120 من بیج فی ایکڑ استعمال کریں۔کماد کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار کے لئے **کمزور زمین** میں چار بوری یوریا، تین بوری ڈی اے پی اور دو بوری ایس او پی فی ایکڑ جبکہ **درمیانی زمین** کے لئے ساڑھے تین بوری یوریا، اڑھائی بوری ڈی اے پی اور دو بوری ایس او پی فی ایکڑ استعمال کریں۔ **زرخیز زمین** کے لئے تین بوری یوریا، دو بوری ڈی اے پی اور ڈیرھ بوری ایس او پی فی ایکڑ استعمال کریں۔کماد کے کاشتکار فاسفورس اور پوٹاش والی کھاد کی پوری مقدار اور نائٹروجنی کھاد تقریباً ایک چوتھائی حصہ بوائی سے قبل سیاڑوں میں ڈالیں۔باقی نائٹروجنی کھاد اُگاؤ کے بعد تین قسطوں میں استعمال کریں۔بہاریہ کاشت میں نائٹروجن کھاد کی پہلی قسط اپریل، دوسری مئی اور تیسری آخر جون مٹی چڑھاتے وقت ڈالیں۔

☆☆☆☆